نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

دھان کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت کاشتکاروں/سروس پرووائیڈرز کو جدید زرعی مشینری کی رعایتی قیمت پر فراہمی کے لئے درخواستیں مطلوب

لاہور07 فروری2022: وزیراعظم کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت دھان کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین، نارووال، حافظ آباد، لاہور، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، فیصل آباد، جھنگ، چنیوٹ، بہاولنگر اور اوکاڑہ کے کاشتکاروں کو رائڈنگ ٹائپ رائس ٹرانسپلانٹر اور نرسری ریزنگ مشین (سٹیشنری یا کرالر ٹائپ) بمعہ پلاسٹک ٹریز، واک آفٹر رائڈنگ ٹائپ رائس ٹرانسپلانٹر، ڈائریکٹ سیڈنگ رائس ڈرل، روٹا ویٹر (واٹر ٹائٹ)، ڈسک پلو/راجہ ہل اور پاور سپریئر کی رعایتی قیمت پر فراہمی کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔اس سکیم کے تحت قرعہ اندازی میں نام نکلنے کی صورت میں 15 یوم کے اندر منظور کردہ فرم سے مجوزہ زرعی آلات یا مشینری کی بکنگ کروانا ہوگی۔زرعی آلات/مشینری کی آلاٹمنٹ کے متعلق الاٹمنٹ کمیٹی/ ناظم اعلیٰ زراعت (توسیع) کا فیصلہ حتمی ہو گا۔کاشتکار کو شناختی کارڈ، ٹریکٹر کی رجسٹریشن بک، زرعی رقبہ اور فرد ملکیت کی تصدیق شدہ کاپی اور 100 روپے کے اشٹام پیپر پر بیان حلفی درخواست کے ساتھ جمع کروانا ہوگا جبکہ سروس پرووائیڈر شناختی کارڈ کی کاپی اور 100 روپے کے اشٹام پر بیان حلفی درخواست کے ساتھ جمع کرانے کا پابند ہوگا۔اس ضمن میں کاشتکار درخواست فارم متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ڈپٹی ڈائریکٹر اور ڈویژنل ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر سے حاصل کر سکتے ہیں یا محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔فارم کی فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی اور مکمل درخواستیں متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں 10 فروری 2021 تک وصول کی جائیں گی۔مزید معلومات کیلئے کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر 042-99200772 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆